SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

# حکم  امتناعی(Restraining Order)

### حکم  امتناعی (Restraining Order) کیا ہے؟

اگر آپ کو ڈر ہے کہ کوئی آپ کو نقصان پہنچائے گا، تو آپ کو اپنے تحفظ کے لیے عدالت سے قانونی احکامات مل سکتے ہیں۔ انہیں تحفظ کے احکامات یا Protection Orders کہتے ہیں۔

حکم  امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) ایک قسم کا تحفظی حکم ہے۔ اگر آپ کو ڈر ہے کہ آپ کا ساتھی یا سابق ساتھی آپ کو یا آپ کے بچوں کو نقصان پہنچا سکتا ہے، تو آپ فیملی کورٹ سے حکم  امتناعی (Restraining Order)  آرڈر طلب کرسکتے ہیں۔ یہ ایک دستاویز ہے جو کسی ساتھی یا سابق ساتھی پر تشدد کو روکنے کے لیے پابندیاں عائد کرے گا۔

تحفظ کے حکم نامے (پروٹیکشن آرڈر) کی ایک اور قسم ہے جسے امن بانڈ (پیس بانڈ) کہتے ہیں۔ یہ ایک ایسا حکم ہے جو آپ فوجداری عدالت سے حاصل کرسکتے ہیں، اگر آپ کو ڈر ہے کہ کوئی آپ کو، آپ کے خاندان کو، آپ کے پالتو جانوروں کو، یا آپ کی جائیداد کو نقصان پہنچائے گا ۔  یہ امن برقرار رکھنے اور اچھا برتاؤ رکھنے کا ایک دستخط شدہ وعدہ ہے۔ آپ کسی کے خلاف امن بانڈ (پیس بانڈ) حاصل کرسکتے  ہیں، جیسے کہ پڑوسی، بہن یا بھائی، دوست یا ساتھی کارکن۔ لیکن اونٹاریو کے *فیملی لاء ایکٹ (Family Law Act)* کے تحت، آپ صرف اپنے پارٹنر یا سابق پارٹنر کے خلاف حکم  امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) حاصل کرسکتے ہیں۔ امن بانڈز (پیس بانڈز) عام طور پر ایک سال کے لیے دیے جاتے ہیں جبکہ حکم نامے برائے بندش و ممانعت (رسٹریننگ آرڈر) زیادہ مستقل ہوتے ہیں۔ اگر آپ طویل مدت کے لیے تحفظ چاہتے ہیں اور  اگر آپ کے پاس پہلے سے ہی امن بانڈ (پیس بانڈ) موجود ہے تو آپ فیملی کورٹ میں حکم  امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) کے لیے بھی درخواست دےسکتے  ہیں ۔

فیملی کورٹ کی حکم  امتناعی (رسٹریننگ آرڈر)  حاصل کرنے کے لیے آپ کو فیملی کورٹ کا عمل شروع کرنے کی ضرورت نہیں ہے

### حکم  امتناعی (رسٹریننگ آرڈر)کس قسم کی پابندیاں لگا سکتا ہے؟

یہ اس پر پابندیاں لگا سکتا ہے کہ :

- آپ کےساتھی یا سابق ساتھی کہاں جا سکتے ہیں
- وہ کیا کرسکتے  ہیں
- وہ کس سے رابطہ کرسکتے  ہیں

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

مثال 1:  وہ آپ کے بچے کے اسکول کے 300 میٹر کے اندر نہیں جا سکتے ہیں

مثال 2:  انہیں آپ سے 500 میٹر دور رہنا چاہیے اور وہ آپ یا آپ کے بچوں سے بات چیت نہیں کرسکتے ہیں

مثال 3:  وہ آپ کے گھر یا کام کی جگہ سے 500 میٹر کے اندر نہیں جا سکتے  ہیں

**حکم  امتناعی (رسٹریننگ آرڈر)  کون مانگ سکتا ہے؟**

اگر آپ ان زمروں میں سے کسی ایک کے تحت آتے ہیں تو آپ کسی کے خلاف *فیملی لا ء ایکٹ (Family Law Act)* کے تحت حکم امتناعی (رسٹریننگ آرڈر)  کے لیے درخواست دےسکتے  ہیں:

- آپ نے ان سے شادی کی *تھی*
- آپ ان کے ساتھ شادی  شدہ   *ہیں*
- آپ ان کے ساتھ رہ رہے ہیں یا کسی بھی مدت کے لیے ان کے ساتھ رہ چکے ہیں
- آپ کا  اور ان کا  آپس میں ایک بچہ ہے

**حکم  امتناعی  (رسٹریننگ آرڈر)  کیسے حاصل کیا جائے**

معلوم کریں کہ آپ کی درخواست کے لیے آپ کو کس عدالت میں جانا ہے۔ یہ درج ذیل پر منحصر ہو گا:

- آپ، آپ کا ساتھی یا سابق ساتھی یا آپ کے بچے جہاں رہتے ہیں، اور
- آپ  کو عائلی قوانین (فیملی لاء) کے کونسے دیگر مسائل سے نمٹنے کی ضرورت ہے

عام طور پر، آپ اس میونسپلٹی میں درخواست دیں گے جہاں آپ، آپ کا ساتھی یا سابق ساتھی رہتے ہیں۔ لیکن اگر آپ کی درخواست آپ کے بچوں کے مسائل سے  متعلق بھی ہے، جیسے کہ والدین  کے طور پر بچوں کی پرورش  (پیرنٹنگ)کے انتظامات، تو آپ اس میونسپلٹی میں درخواست دیں گے جہاں آپ کا بچہ رہتا ہے۔

اونٹاریو میں 3 عدالتیں ہیں جو عائلی قوانین (فیملی لاء) سے نمٹتی ہیں  – اونٹاریو کورٹ آف جسٹس (Ontario Court of Justice) ،سوپیریئرکورٹ آف جسٹس (Superior Court of Justice) اور سوپیریئرکورٹ آف جسٹس کی عائلی قوانین (فیملی لاء) برانچ۔ یہ سب آپ کو حکم  امتناعی  (رسٹریننگ آرڈر)  فراہم **کر**سکتے ہیں، لیکن ان میں سے سب عائلی قوانین  (فیملی لاء)  کے دیگر مسائل سےنہیں نمٹتے  ہیں۔ آپ کو اس عدالت میں جانا چاہیے جو عائلی قانون  (فیملی لاء) کے دیگر مسائل ، جنہیں آپ حل کرنا چاہتے ہیں، سے نمٹنے کے لیے موزوں ہے ۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

اونٹاریو میں 3 عدالتیں ہیں جو عائلی قوانین (فیملی لاء) سے نمٹتی ہیں – اونٹاریو کورٹ آف جسٹس (Ontario Court of Justice) ،سوپیریئرکورٹ آف جسٹس (Superior Court of Justice) اور سوپیریئرکورٹ آف جسٹس کی عائلی قوانین (فیملی لاء) برانچ۔ یہ سب آپ کو حکم امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) فراہم کرسکتے ہیں، لیکن ان میں سے سب عائلی قوانین (فیملی لاء) کے دیگر مسائل سےنہیں نمٹتے ہیں۔ آپ کو اس عدالت میں جانا چاہیے جو عائلی قانون (فیملی لاء) کے دیگر مسائل ، جنہیں آپ حل کرنا چاہتے ہیں، سے نمٹنے کے لیے موزوں ہے ۔

ایک بار جب آپ مناسب عدالت کا تعین کر لیں، تو آپ کو درج ذیل کرنا چاہیے:

- فارم 8 پُر کر کے عدالت میں درخواست دیں: عدالتی عمل شروع کرنے کے لیے درخواست (جنرل) (Application (General))۔ آپ اپنی درخواست میں عائلی قانون (فیملی لاء) کے دیگر مسائل کو حل کرنے کے لیے بھی کہہ سکتے ہیں
یا :

- اگر آپ کو فوری طور پر حکم امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) کی ضرورت ہو تو، عدالت میں ایک درخواست (Application) کے ساتھ ایک تحریک (موشن) دائر کریں۔ اس صورت میں آپ کو فارم 8: درخواست (جنرل) ،فارم 14، (Application (General, Form 14)): نوٹس آف موشن، فارم 14A (Notice of Motion, Form 14A): حلف نامہ (جنرل) (Affidavit (General)) کو پُر کرنے کی ضرورت ہوگی۔

(تحریک(موشن) ایک ایسا عمل ہے جو جج سے کسی معاملے پر حتمی فیصلہ سنانے سے پہلے حکم جاری کرنے کی درخواست کرتا ہے))

- دستاویزات پیش کریں، جس کا مطلب ہے کہ اپنے پارٹنر یا سابق پارٹنر کو دستاویزات کی ایک کاپی فراہم کرنا تاکہ انہیں معلوم ہو کہ آپ نے عدالت میں مقدمہ شروع کر دیا ہے۔

- اپنے کیس کی وضاحت کے لیے عدالت میں حاضر ہوں۔ اگر خطرہ فوری ہے، اگر آپ نہیں جانتے کہ آپ کا ساتھی یا سابق ساتھی کہاں ہے، یا آپ کو ڈر ہے کہ انہیں نوٹس دینے سے نقصان کا خطرہ بڑھ جائے گا، تو آپ "بغیر اطلاع کے تحریک" ("موشن ویداؤٹ نوٹس") لا سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ نہیں جانیں گے کہ آپ نے حکم امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) کے لیے درخواست دی ہے اور وہ عدالت میں اپنی کہانی کا پہلو بتانے کے لیے نہیں ہوں گے۔ اس صورت میں، جج صرف آپ کے دستاویزات کی بنیاد پر عارضی حکم امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) دے گا۔ جج دونوں فریقوں کی سماعت کے لیے آئندہ کے لیے عدالت کی تاریخ مقرر کرے گا۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

### ایک بار جب حکم امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) دیا جاتا ہے:

- ایک بار عدالت کسی شخص کے خلاف عبوری (عارضی) یا حتمی حکم امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) دے سکتی ہے
- پولیس ان لوگوں کو یا اس شخص کو گرفتار کر سکتی ہے اور ان کے خلاف معاملہ کر سکتی ہے، جن کا نام حکم امتناعی (ریسٹریننگ آرڈر) میں رکھا گیا ہے' اگر وہ اس کی پیروی اور تعمیل نہیں کرتے ہیں
- عبوری حکم امتناعی (انٹیرم رسٹریننگ آرڈر) کی میعاد ختم ہونے کے بعد، حکم امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) میں نامزد افراد کو مزید شرائط پر عمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے
- اگر آپ عبوری حکم امتناعی (انٹیرم رسٹریننگ آرڈر) کی میعاد ختم ہونے سے پہلے اس کی شرائط کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو عدالت کے ذریعے ایک تحریک (موشن) دائر کرنی ہوگی
- اگر آپ حتمی حکم امتناعی (فائنل رسٹریننگ آرڈر) کی شرائط کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو عدالت کے ذریعے ایک تحریک (موشن) دائر کرنی ہوگی
- ایک حتمی حکم امتناعی (فائنل رسٹریننگ آرڈر) مستقل ہو سکتا ہے یا جج کی طرف سے مقرر کردہ تاریخ پر ختم ہو سکتا ہے۔ عبوری احکام امتناعی (ٹمپورری رسٹریننگ آرڈرز) جج کی طرف سے مقرر کردہ تاریخ یا آپ کے فیملی لاء کیس کی میعاد ختم ہونے پر ختم ہو جاتے ہیں۔

### اپنے آپ کو محفوظ رکھیں:

صرف اس لئے کہ حکم امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) موجود ہے اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کا ساتھی یا سابق ساتھی آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش نہیں کرے گا۔ حکم امتناعی (رسٹریننگ آرڈر) حاصل کرنے میں بھی وقت لگ سکتا ہے۔ سیفٹی پلان زیر عمل میں لانا بہت ضروری ہے۔ حفاظتی منصوبہ بنانے میں مدد حاصل کرنے کے لیے کسی کمیونٹی ایجنسی یا پناہ گاہ سے رابطہ کریں۔